24-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ تفسیر مظہری تالیف ہے:
(الف) یحیٰ ابن کثیرؒ کی (ب) جلال الدین سیوطیؒ کی (ج) جلال الدین محلیؒ کی (د) قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی

2۔ زانی اور زانیہ کی سزا کوڑے لگانے کیساتھ جلاوطنی بھی ہے:
(الف) امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک (ب) امام طحاویؒ کے نزدیک (ج) امام شافعیؒ کے نزدیک (د) امام مالکؒ کے نزدیک

3۔ مسلمان مرد کا خون بہانا اتنی صورتوں میں جائز ہے:
(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

4۔ "محصن" سے مراد ہے:
(الف) کنوارہ (ب) طلاق دہندہ (ج) شادی شدہ (د) رنڈوا

5۔ "ثیبہ" کی قسمیں ہیں:
(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

6۔ "قاذف" کہتے ہیں:
(الف) جھوٹ بولنے والا (ب) تہمت لگانے والا (ج) دھوکہ دینے والا (د) چوری کرنے والا

7۔ "افک" کے اصل معنی ہیں:
(الف) کذب (ب) پھیرنا (ج) دھوکہ (د) الزام لگانا

8۔ حضرت زرؓ کے مطابق سورۃ الاحزاب کی آیات کی تعداد ہے:
(الف) 71 (ب) 73 (ج) 75 (د) 77

9۔ "اقسط" صیغہ ہے:
(الف) اسم فاعل (ب) اسم آلہ (ج) اسم تفضیل (د) اسم ظرف

ورق الٹیے

10۔ غزوہ خندق میں کفار قریش اور یہودیوں کے لشکر کی تعداد تھی:

(الف) تقریباً دس ہزار (ب) تقریباً بارہ ہزار (ج) تقریباً چودہ ہزار (د) تقریباً سولہ ہزار

11۔ غزوہ خندق میں خندق کھودنے کا مشورہ صحابیؓ نے دیا تھا:

(الف) حضرت عمر فاروقؓ (ب) حضرت سلمان فارسیؓ (ج) حضرت زید بن حارثؓ (د) حضرت براء بن عاذبؓ

12۔ خندق کی کھدائی اتنے روز میں مکمل ہوئی تھی:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

13۔ کفار قریش کے ساتھ خندق میں یہودیوں کے قبیلے شامل تھے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

14۔ "نحب" کا معنی ہے:

(الف) قربانی (ب) نذر (ج) صدقہ (د) ایثار

15۔ اس امام کے نزدیک امام کی قربانی سے پہلے قربانی کرنا جائز ہے:

(الف) امام ابو حنیفہؒ (ب) امام شافعیؒ (ج) امام محمدؒ (د) امام مالکؒ

16۔ "فتبینوا" کے معنی ہیں:

(الف) سوچ بچار کرنا (ب) تحقیق کرنا (ج) پوچھ گچھ کرنا (د) غور و فکر کرنا

17۔ "تصیبوا" کا معنی ہے:

(الف) آسائش دینا (ب) بدلہ دینا (ج) دکھ دینا (د) برا کرنا

18۔ "اقتتلوا" کا معنی ہے:

(الف) باہم سامنا کیا (ب) باہم لڑ پڑیں (ج) باہم اختلاف کیا (د) باہم قتل کیا

19۔ "واقسطوا" کا معنی ہے:

(الف) ایک جیسا کرنا (ب) انصاف کرنا (ج) برابری کرنا (د) استوار کرنا

20۔ "فتصبحوا" کا معنی ہے:

(الف) پشیمان ہونا (ب) خوش ہونا (ج) پانی پانی ہونا (د) شرم سار ہونا

24-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ______________

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ "فرضنٰھا" کے معنی میں علمائے کرام کا اختلاف بیان کریں۔

2۔ نسخ مقبول اور نسخ مردود کی تعریف کریں۔

3۔ رجم کی سزا کے لیے احصان کی شرائط بیان کریں۔

4۔ زنا کے ثبوت کے لیے کتنے مردوں اور عورتوں کی گواہی ضروری ہے؟

5۔ حاملہ عورت کی حد کا کیا حکم ہے؟ تحریر کریں۔

6۔ "أدعیاء" کون سی جمع ہے؟ اور اس کا واحد کیا ہے؟

7۔ ظہار سے کیا مراد ہے؟ اور کفارۂ ظہار کیا ہے؟

8۔ "أولوالعزم رسول" کتنے اور کون کونسے ہیں؟

9۔ حضور اکرم ﷺ نے کس صحابی کے لیے اور کس چیز پر فرمایا: "تجھ پر میرے ماں باپ قربان ہوں"۔

10۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک تعزیری سزا کتنی ہے؟ اور شراب پینے کی ادنیٰ حد غلام کے لیے کتنی ہے؟

11۔ غزوہ خندق میں کون کونسے قبیلے مسلمانوں کے مخالف تھے؟

12۔ "إنما المؤمنون أخوة" اس آیت کا شان نزول بیان کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ کیا نابینا سے عورت کا پردہ کرنا ضروری ہے؟ حدیث سے وضاحت کریں۔

2۔ رسولوں کی سنت میں سے کتنی اور کونسی چیزیں ہیں؟

3۔ رسول اللہ ﷺ نے دنیا میں کتنی اور کون کونسی چیزوں میں اپنی رغبت بیان فرمائی ہے؟

4۔ رہبانیت کن انبیاء کے دین میں مشروع تھیں؟ اور ہمارے دین میں اس کا کیا حکم ہے؟

5۔ نبی کریم ﷺ نے کن مباح امور کو چھوڑنے سے منع فرمایا ہے؟

6۔ آیت مبارک مین "جنود" اور "جنودا" سے کون سا لشکر مراد ہے؟

7۔ نحن الذین بایعوا محمدا علی الجهاد ما بقینا ابدا کا ترجمہ کریں۔

8۔ بنی قریظہ کے قبیلے کے سردار کا نام کیا تھا؟ اور اس کو کس نے نبی کریم ﷺ سے معاہدہ توڑنے کو کہا تھا؟

9۔ کن صحابہ کرام نے بنو قریظہ کی عہد شکنی کی خبر رسول اللہ ﷺ کو آ کر دی؟

10۔ غزوہ خندق میں جو عورتیں شامل ہوئی ان عورتوں میں سے پانچ کے نام لکھیں۔

11۔ "فأصلحوا" اصلاح کا کیا مطلب ہے؟

12۔ "ولاتنابزوا بالألقاب" کا ترجمہ لکھیں

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "يَآيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَدۡخُلُوۡا بُيُوۡتًا غَيۡرَ بُيُوۡتِكُمۡ حَتّٰى تَسۡتَاۡنِسُوۡا وَ تُسَلِّمُوۡا عَلٰٓى اَهۡلِهَا" اس آیت کا ترجمہ لکھیں اور گھروں میں داخل ہونے پر سلام اور اجازت کے لحاظ سے علمائے کرام کا اختلاف بیان کریں۔

ii. بنی قریظہ کون تھے؟ غزوہ بنی قریظہ کا واقعہ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. "إن بعض الظن إثم" "إثم" اور "ظنّ" سے کیا مراد ہے؟ نیز "ظن" کی اقسام اور حکم تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. عورت اور مرد کا ستر کیا ہے؟ اور عورت کو کونسے اعضاء ظاہر کرنا جائز ہیں؟ ان میں علمائے کرام کا اختلاف بیان کریں۔

ii. "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" آیت کا ترجمہ کریں اور اہل بیت سے کون لوگ مراد ہیں؟ حدیث شریف سے وضاحت کریں نیز تطہیر سے کیا مراد ہے؟

iii. غیبت اور تہمت میں کیا فرق ہے؟ نیز قرآن وحدیث کی روشنی میں غیبت کی مذمت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔